11/30/2022

انڈسٹری نوٹس 22-02#
برائے فوری اشاعت

Taxi & Limousine Commission

David Do
کمشنر/چیئر
tlccommissioner@tlc.nyc.gov

Jason Kersten
معاملات عامہ
press@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

نوٹس: نئی ٹیکسی اور اسٹریٹ ہیل لیوری (SHL) میٹر کے کرائے کا اسٹرکچر نافذالعمل مؤرخہ 12/19/22

نیویارک سٹی ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن (TLC) نے دس سالوں میں کرایوں میں پہلے اضافے کی منظوری دے دی ہے اور اس کا نفاذ 19 دسمبر، 2022 سے ہوگا۔ کوئی بھی ٹیکسی کیب یا اسٹریٹ ہیل لیوری (SHL) 19 دسمبر، 2022 سے اضافہ شدہ کرایہ وصول کرسکتی ہے، بشرطیکہ TLC کی لائسنس یافتہ ٹیکسی میٹر کی دکان سے TLC کے سلامتی اور آلودگی کے اخراج کے ڈویژن کی جانب سے مرتب کردہ طریقۂ کار کے مطابق اس کے میٹر کا درست ازسرِ نو تعین کرلیا گیا ہو۔

میٹر پر مبنی تمام اسفار کے لیے نئی میڈیلین ٹیکسی کیب اور اسٹریٹ ہیل لیوری (SHL) کے کرایہ جات حسبِ ذیل ہوں گے:

$3.00 عائد کردہ ابتدائی یونٹ۔
$1.00 ٹیکسی کیب اور اسٹریٹ ہیل لیوری (SHL) میں بہتری کا سرچارج۔
$0.70 اضافی یونٹ چارج۔
$2.50 رش کے اوقات کا سرچارج۔
$1.00 رات کے وقت کا سرچارج۔
$70.00 مین ہٹن اور کینیڈی ایئرپورٹ کے درمیان ٹیکسی کے تمام اسفار اور مین ہٹن سے کینیڈی ایئرپورٹ تک تمام SHL اسفار کے لیے مقررہ کرایہ۔
$5.00 کینیڈی ایئرپورٹ ٹیکسی کے اسفار اور SHL کے مقررہ کرایوں کے لیے رش کے اوقات کا سرچارج۔
$5.00 لاگارڈیا ایئرپورٹ (LGA) سے آنے اور جانے والے تمام ٹیکسی اسفار اور ہیل ایکسکلیوژنری زون سے باہر LGA تک SHL کے تمام اسفار کے لیے ایک نیا سرچارج۔
$20.00 نیوآرک ایئرپورٹ تک تمام اسفار کے لیے ٹیکسی سرچارج۔

تمام ٹیکسی کیبز کو 19 دسمبر، 2022 کے بعد پہلے طے شدہ معائنے سے پہلے TLC کے ٹیکسی کیب اونر کے قوانین، (1) (e)39-58§ کے مطابق TLC کی لائسنس یافتہ ٹیکسی میٹر کی دکانوں سے اپنے ازسرِ نو تعین کردہ میٹرز کا مائل رن لازماً کروانا ہوگا۔ TLC کی لائسنس یافتہ تمام پبلک ٹیکسی میٹر دکانوں کی فہرست ذیل میں دیکھی جاسکتی ہے۔
میڈیلینز اور اسٹریٹ ہیل لیوریز (SHL) کے لیے نرخ نامہ کارڈز کو نئے میٹریافتہ کرایہ جات کے لحاظ سے اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا۔
میڈیلینز کے لیے، نئے کرایوں پر مبنی ایک اسٹیکر TLC کی لائسنس یافتہ میٹر کی دکانوں، ایجنٹس اور ٹیکسی کیب انڈسٹری کے اداروں کے ذریعے دستیاب بنایا جائے گا۔ اس اسٹیکر کو 31 اکتوبر، 2023 کو ختم ہونے والے میڈیلین کے موجودہ نرخ نامہ کارڈز پر کرائے کے حصے میں لازماً لگایا جائے گا۔

SHLs کے لیے، TLC وڈسائیڈ معائنے کا سہولیاتی مرکز 19 دسمبر، 2022 اور 16 جون، 2023 کے درمیان طے شدہ معائنے کے وقت پر ایک نیا نرخ نامہ کارڈ فراہم کرے گا۔ 31 اکتوبر، 2022 ختم ہونے والے نرخ نامہ کارڈز 19 دسمبر، 2022 یا 16

جون، 2023، جو بھی پہلے واقع ہو، کے بعد گاڑی کے اگلے طے شدہ معائنے تک مستند ہیں۔

اگر کرایوں کے نئے اسٹرکچر کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہِ کرم تنخواہوں سے متعلقہ معاملات کی تفتیش کرنے والے TLC کے ڈرائیور پروٹیکشن یونٹ سے 5539-391 (718) پر کال کرکے یا driverprotection@tlc.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔

تسلیمات،
ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن

TLC لائسنس یافتہ پبلک ٹیکسی میٹر دکانوں کی فہرست اگلے صفحے پر ہے

MP001	AMERICAN TAXIMETERS & COMMUNICATIONS INC.	21-46 44 Drive Queens, NY 11101	(718) 937-4600
MP004	OLDEE TAXI INSTRUMENTS CORP.	24-50 47 Street Queens, NY 11103	(718) 482-6533
MP016	METROMETER SHOP INC.	11-11 34 Avenue Queens, NY 11106	(718) 786-8585
MP029	521 WEST 21ST ST. MANAGEMENT CORP.	415 West 127 Street NY, NY 10027	(212) 665-4900
MP031	TEAM SYSTEMS CORP	30-17 40 Avenue Queens, NY 11101	(718) 786-0640
MP034	TRIZZ TAMIMETER REPAIR CORP	519 West 47 Street NY, NY 10036	(646) 336-7625
MP038	OLYMPIC METERSHOP LLC	11-05 38 Avenue Queens, NY 11101	(718) 361-3005
MP043	FLATCODE COMMUNICATIONS INC.	1954 Jerome Avenue Bronx, NY 10453	(718) 733-1220
MP052	BORO TAXI METER, INC.	1437 39 Street Brooklyn, NY 11218	(347) 789-3630
MP055	CMT METERS,LLC	42-32 21 Street Queens, NY 11101	(718) 349-7700